Driven to

# Deliver

شیل پاکستان لمیٹڈ

ششماہی رپورٹ

جون 2023ء

# کمپنی کی معلومات

**بورڈ آف ڈائریکٹر**

زین کے حق (چیئرپرسن)
وقار آئی صدیقی
رفیع ایچ بشیر
پرویز غیاث
عمران آر ابراہیم
مدیحہ خالد
ظفر اے خان
جان کنگ چونگ لُو
ضرار محمود
عامر آر پراچہ
بدرالدین ایف ویلانی

**چیف ایگزیکٹو**

وقار آئی صدیقی

**آڈٹ کمیٹی**

عمران آر ابراہیم (چیئرپرسن)
رفیع ایچ بشیر
بدرالدین ایف ویلانی

**کمیٹی برائے افرادی وسائل و معاوضے**

ظفر اے خان (چیئرپرسن)
پرویز غیاث
وقار آئی صدیقی
زین کے حق

**کمپنی کے سیکرٹری**

لالہ رخ حسین- شیخ

**رجسٹرڈ دفتر**

شیل ہاؤس،
6، چوہدری خلیق الزمان روڈ،
کراچی-75530
پاکستان

**آڈیٹرز**

ای وائے فورڈ رہوڈز

**لیگل ایڈوائزرز**

ویلانی اینڈ ویلانی، ایڈووکیٹس اینڈ سالیسیٹرز

**رجسٹرار اور شیئر رجسٹریشن دفتر**

فیمکو ایسوسی ایٹس پرائیویٹ لمیٹڈ
8-ایف، ہوٹل فاران سے متصل، نرسری،
بلاک 6، پی ای سی ایچ ایس
شاہراہِ فیصل
کراچی-75400

# ڈائریکٹرز کی جائزہ رپورٹ

## 30 جون 2023ء کو اختتام پذیر ہونے والی ششماہی کے لیے

### عزیز شیئر ہولڈرز

آپ کی کمپنی کے ڈائریکٹران 30 جون 2023ء کو اختتام پذیر ہونے والی ششماہی کے لیے غیر آڈٹ شدہ جامع عبوری مالی گوشوارے پیش کرتے ہیں۔

14 جون 2023ء کو کمپنی کی جانب سے پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں اعلان کیا گیا جس کے مطابق شیل پٹرولیم کمپنی لمیٹڈ، برطانیہ (کمپنی کی امیڈیٹ پیرنٹ) جو شیل پی ایل سی کا ماتحت ادارہ ہے، نے بورڈ آف ڈائریکٹرز کو کمپنی میں اپنے 77.42 فیصد حصص (شیئرز) فروخت کرنے کے ارادے سے آگاہ کیا۔

دورانِ مدت کمپنی کو اہم بیرونی رکاوٹوں کا سامنا کرنا پڑا، جن میں روپے کی قدر میں غیر معمولی کمی، بڑھتی ہوئی مہنگائی اور موجودہ کلّی معاشی غیر یقینی صورتِ حال شامل ہیں۔ سال بھر جاری رہنے والی ان معاشی مشکلات کے نتیجے میں اقتصادی سرگرمیوں میں سست روی آئی، صنعت کی فیول کی طلب میں نمایاں کمی اور رسد کو خطرات لاحق ہوئے۔ طلب پر دباؤ کی بنیادی وجہ بڑھتی ہوئی قیمتوں کے ساتھ ساتھ سیاسی اور معاشی عدم اطمینان اور نان کسٹم پیڈ مصنوعات کی وسیع پیمانے پر دستیابی تھی۔

تاہم، کمپنی نے نقد میں مستحکم ترسیل کو یقینی بنانے کے لیے بہترین آپریشنل کارکردگی پر توجہ مرکوز رکھی۔ یہ نتائج شیل انٹرنیشنل پٹرولیم کمپنی کی جانب سے ملنے والی تکنیکی سروس فیس میں نرمی کے اثرات کے بھی عکاس ہیں۔

آپ کی کمپنی کے انتظامی امور، مارکیٹنگ اور تقسیم کاری کے اخراجات، مالی اور دیگر واجبات کی ادائیگی کے بعد 31 مارچ 2023ء کو اختتام پذیر ہونے والی ششماہی کے لیے نفع / نقصان درج ذیل تھا:

| | روپے ملین میں |
|---|---|
| **نفع / نقصان قبل از ٹیکس** | 6,038 |
| ٹیکس | 2,498 |
| **30 جون 2023ء کو ختم ہونے والی مدت کا خالص نقصان** | 3,540 |
| | **روپے** |
| **نقصان فی شیئر–بنیادی اور سیال (diluted)** | 16.54 |

ذخائر کی کارروائی (موومنٹ) اور تصرفات ان جامع عبوری مالی گوشواروں کے صفحہ 8 پر ایکویٹی میں تبدیلیوں کے کنڈینسڈ عبوری گوشواروں میں ظاہر کیے گئے ہیں۔

کمپنی نے کاروبار کے محفوظ آپریشنز کو یقینی بنانے پر اپنی توجہ مرکوز کرتے ہوئے صنعت میں ممتاز مقام برقرار رکھا اور سیفٹی کی ترویج کے لحاظ سے صنعت میں نمایاں کردار ادا کر رہے ہیں۔

### کلّی معاشی دشواریاں

ملک کو درپیش موجودہ معاشی دشواریوں کے ساتھ ساتھ حکومت پاکستان کی جانب سے 5,331 ملین روپے کی واجب الاداوصولیوں کی وجہ کمپنی کی مالیات اور منافع پر مسلسل اثر پڑ رہا ہے۔ دورانِ مدت ڈالر کے مقابلے میں روپے کی قدر میں 27 فیصد کی غیر معمولی کمی دیکھی گئی جس کے نتیجے میں کمپنی کو خطیر مبادلہ نقصانات کا سامنا کرنا پڑا۔ اگرچہ کمپنی گذشتہ برس کے دوران حکومت کی جانب سے صنعت کے مارجن میں اضافے کی معترف ہے، تاہم روپے کی قدر میں حالیہ کمی اور دورانِ مدت تاریخی بلند مہنگائی سے اس کا اثر زائل ہو گیا۔ کمپنی کی انتظامیہ متعلقہ حکام سے مستقل رابطہ جاری رکھے ہوئے ہے تاکہ حالیہ اثرات سے نمٹنے کے لیے صنعت کے مارجن کا از سرِ نو جائزہ لیا جا سکے۔

### لبریکینٹس

غیر معمولی معاشی دشواریوں اور مہنگائی کی بلند شرح کے باوجود لبریکنٹس مضبوط کاروباری نفع آوری فراہم کرتے رہے۔ لبریکنٹس نے کامیاب مارکیٹنگ اقدامات کے ایک سلسلہ پر عمل درآمد کیا، جس میں روایتی اور ڈیجیٹل دونوں چینلز کے ذریعے شیل ہیلکس برانڈ سازی کی شروع کی گئی مہم، نیز نئی مارکیٹوں میں جاری شیل ایڈوانس کی مارکیٹنگ کی سرگرمیاں اور جدید شیل ریمولا ٹرانسپورٹ ورکشاپس شامل ہیں۔ ان اقدامات نے برانڈ کی بہتری کے اظہاریوں میں نمایاں اضافہ ہوا۔

شیل پی 2 بی لبریکنٹس نے 2023ء کی پہلی ششماہی کے دوران ریٹیل پاور اور کیپٹو پاور کے شعبوں میں اہم کامیابیاں درج کر کے صنعتی شعبے میں اپنا رسوخ برقرار رکھا۔ اگرچہ مارکیٹ کا منظر نامہ ہنگامہ خیز رہا، کاروبار نے فلیٹس (fleets) اور پروسیس آئل کے شعبے کے حجم میں اضافہ درج کیا، اس کے علاوہ دیگر تمام صنعتی شعبوں میں اپنا مارکیٹ شیئر برقرار رکھا۔

## موبیلٹی (قبل ازیں ریٹیل)

موبیلٹی کے کاروبار نے فیول بھرنے کے دوران حفاظت کو فروغ دینے، پروموشنز کے ذریعے زبردست قیمت پیش کرنے، اور فوری اور آسان ادائیگی کے حل پر کام کے ذریعے بہترین صارفی قدر کی پیشکش جاری رکھی۔

سیفٹی مہم "احتیاط بنے حفاظت" کو ڈیجیٹل پلیٹ فارمز پر 233 ملین تاثرات حاصل ہوئے اور 2 اور 3 پہیوں والی گاڑیوں کے لیے فیول بھرنے کی حفاظت کو فروغ دیا۔ اس مہم نے صنعت میں راہ ہموار کی اور ریگولیٹری اتھارٹی نے اسے تسلیم کیا نیز دیگر او ایم سیز نے بھی اس کی پیروی کی۔

ہم نے ایچ بی ایل پی ایس ایل سیزن 8 کے لیے ملتان سلطانز کے ساتھ شراکت داری کے ذریعے صارفین کو قیمتی اور دلچسپ پروموشنز پیش کیں، جس میں شیل وی پاور کی خریداری کے ذریعے میچ ٹکٹس اور مصنوعات جیتنے کا موقع فراہم کیا گیا۔

صارفین کے لیے ادائیگی کے فوری اور آسان اختیارات فراہم کرنے اور ریٹیلرز کے لیے ون اسٹاپ ادائیگی کے سولیوشنز تیار کرنے کی کوشش میں، 200 سے زائد ریٹیل اسٹیشنوں میں اسمارٹ پی او ایس لانچ کیا گیا تھا۔ یہ ایک پلیٹ فارم پر بینک کارڈز اور شیل فیول کارڈز کی قبولیت کو مستحکم کرتا ہے اور لین دین کے زیادہ مؤثر انتظام کو ممکن بنائے گا۔

دورانِ مدت کمپنی نے پاکستان میں اپنے کنوینئنس ریٹیل (سی آر) کاروبار میں قابل ذکر نمو کا مظاہرہ کیا اور گذشتہ برس کے مقابلے میں محاصل میں 45 فیصد اضافہ ہوا۔ یہ کامیابی ہماری اسٹریٹجک کاوشوں اور بہترین کارکردگی کے عزم کی مرہونِ منت ہے۔ کمپنی نے بارہ نئے شیل سلیکٹ آؤٹ لیٹس کے ساتھ اپنے نیٹ ورک کو توسیع دی، جس سے اس کے مارکیٹ کے حصے میں اضافہ ہوا اور مجموعی مارجن کو ایک فیصد تک تقویت دی گئی جس سے مالی استحکام کا اظہار ہوتا ہے۔ قابل ذکر بات یہ ہے کہ کمپنی کے اہم زمروں—اسنیکس، مشروبات اور تمباکو—جو مجموعی طور پر فروخت کا 70 فیصد ہیں، نے مؤثر مشترکہ تشہیری مہمات کے ذریعہ دوہندسی نمو حاصل کی۔ کراچی، اسلام آباد، لاہور اور ملتان میں جغرافیائی لحاظ سے متوازن فروخت نے کمپنی کی مجموعی کامیابی میں اہم کردار ادا کیا۔ سی آر کا کلیدی مقصد آپریشنل عمدگی پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے قابل قدر سپلائرز اور وفادار صارفین کو تیار کرنا ہے۔

## ماحولیات، سماج اور نظم و نسق

شیل تعمیر نے ارفع سافٹ ویئر ٹیکنالوجی پارک، لاہور میں اسٹیمولس (Stimulus) پرائیویٹ لمیٹڈ کے تعاون سے کلائمیٹ انٹرپرینیورشپ اور لیڈرشپ پر 3 روزہ بوٹ کیمپ کی سرپرستی کی۔ 2019ء سے اسٹیمولس ای آئی ٹی (یورپین انسٹی ٹیوٹ آف انوویشن اینڈ ٹیکنالوجی) کلائمیٹ-کے آئی سی کے اشتراک سے سالانہ کلائمیٹ لانچ پیڈ پاکستان پروگرام چلا رہا ہے۔ انٹرپرینیورز کو مختلف ٹولز اور تکنیکوں سے متعارف کرایا گیا جو ابتدائی مرحلے کے ان منصوبوں کی پیمائش کرنے میں مدد کر سکتے ہیں، جو ماحول پر اثر انداز ہوتے ہیں۔

شیل تعمیر نے ایس او ایس ٹیکنیکل ٹریڈ انسٹی ٹیوٹ (ایس او ایس ٹی ٹی آئی) کے تعاون سے ایک گرانٹ پروگرام- مستقبل کی تعمیر کا انعقاد کیا، جس میں 16 شرکا نے کامیابی کے ساتھ پیشہ ورانہ تربیت مکمل کی اور گرانٹ کے لیے کوالیفائی کیا۔ انہوں نے اپنے چھوٹے کاروبار شروع کرنے یا اپنے متعلقہ کاروباروں میں توسیع کرنے کے لیے ساز و سامان اور اوزار حاصل کیے۔

جنوبی پنجاب میں توانائی تک رسائی کا پروگرام نیشنل رورل سپورٹ پروگرام (این آر ایس پی) کے تعاون سے 2019ء سے جاری ہے۔ 370 ایکڑ رقبے پر پھیلے تقریباً 235 کاشت کار شمسی توانائی سے چلنے والے ٹیوب ویلوں سے فائدہ اٹھا رہے ہیں۔ تقریباً ۲۵ ایکڑ زمین برسوں سے بنجر پڑی تھی، ٹیوب ویلوں کی تنصیب کے ساتھ، زمین کثیر پیداوار کے ساتھ زرخیز ہو گئی۔ مزید برآں، اس پروگرام کے ذریعے، شمسی توانائی سے چلنے والا دودھ ریفریجریشن پلانٹ تقریباً 40 ڈیری کاشت کاروں کو خدمات فراہم کرتا ہے، جنہیں آمدنی بڑھانے کے لیے اپنے موجودہ کاروبار کو متنوع بنانے میں مدد مل رہی ہے۔

## مستقبل کے امکانات

کرنسی، تیل کی قیمتوں میں اتار چڑھاؤ اور ملک کے عمومی غیر یقینی معاشی منظر نامے کی وجہ سے کلّی معاشی ماحول مستقبل قریب میں صنعت کے لیے چیلنج بنا ہوا ہے۔

ان دشواریوں کے باوجود، انتظامیہ اور بورڈ آف ڈائریکٹرز اس بات کو یقینی بنانے کے لیے پر عزم ہیں کہ کمپنی کی مالی پوزیشن کو مزید مستحکم کیا جائے، حفاظتی کارکردگی میں گول زیرو کا نصب العین بر قرار رکھا جائے اور کمپنی معاشرے میں ذمہ دارانہ کردار ادا کرتی رہے۔

## بورڈ کی ہیئتِ ترکیبی

| | |
|---|---|
| ڈائریکٹرز کی کُل تعداد | مرد:10، خواتین:01 |
| خود مختار ڈائریکٹرز | 04 |
| نان ایگزیکٹو ڈائریکٹرز | 04 |
| ایگزیکٹو ڈائریکٹرز | 03 |

جذبے، مستقل معاونت اور کمپنی پر اعتماد کے لیے ہم اپنے شیئر ہولڈرز، صارفین، عملے اور دیگر تمام متعلقہ فریقوں کا شکریہ ادا کرنا چاہیں گے۔

بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے

**زین کے حق**
چیئرپرسن

**وقار آئی صدیقی**
چیف ایگزیکٹو

کراچی: 16 اگست 2023ء

# غیر جانب دار آڈیٹرز کے جائزے کی رپورٹ

**شیل پاکستان لمیٹڈ کے ارکان کے لیے**

**کنڈینسڈ عبوری مالی گوشواروں کے جائزے پر رپورٹ**

## تعارف

ہم نے شیل پاکستان لمیٹڈ (کمپنی) کی مالی صورتِ حال کے 30 جون 2023ء تک چھ مہینوں کی مدت کے لیے منسلک کنڈینسڈ عبوری مالی گوشواروں اور متعلقہ کنڈینسڈ عبوری مجموعی آمدنی کے گوشوارے، کنڈینسڈ عبوری رقوم کے بہاؤ کے گوشوارے، اور ایکویٹی میں تبدیلیوں کے کنڈینسڈ عبوری مالی گوشوارے (جسے اب سے عبوری مالی گوشوارے کہا جائے گا) کا جائزہ لیا ہے۔ اکاؤنٹنگ اور رپورٹنگ کے معیارات، جیسا کہ ان کا عبوری مالی رپورٹنگ کے لیے پاکستان میں اطلاق ہے، کے مطابق انتظامیہ ان عبوری مالی گوشواروں کی تیاری اور پیش کرنے کی ذمہ دار ہے۔ ہماری ذمہ داری یہ ہے کہ ہم اپنے جائزے کی بنیاد پر ان عبوری مالی بیانات پر کسی نتیجے کا اظہار کریں۔ مجموعی آمدنی کے اس کنڈینسڈ عبوری مالی گوشوارے کے اعداد وشمار اور اس کے ساتھ 30 جون 2023ء کو ختم ہونے والے تین مہینوں نیز 2022ء کے لیے دیگر نوٹس کا جائزہ نہیں لیا گیا ہے، کیونکہ ہمیں 30 جون 2023ء کو اختتام پذیر ہونے والی ششماہی کے مجموعی اعداد وشمار کا جائزہ لینے کی ذمہ داری تفویض کی گئی تھی۔

## جائزے کا دائرہ کار

ہم نے اپنا جائزہ نظرثانی کے بین الاقوامی معیارات 2410، " ادارے کے غیر جانب دار آڈیٹرز کی جانب سے عبوری مالی معلومات کا جائزہ" کے مطابق کیا ہے۔ عبوری مالی گوشواروں کا جائزہ، بنیادی طور پر مالی اور اکاؤنٹنگ کے معاملات کے ذمہ دار افراد سے سوالات، نیز تجزیاتی اور جائزے کے دیگر طریقہ ہائے کار کے اطلاق سے کیا گیا ہے۔ ایک جائزہ اپنے دائرہ کار کے اعتبار سے آڈیٹنگ کے بین الاقوامی معیارات سے ہم آہنگ کیے جانے والے آڈٹ کے مقابلے میں کم تر ہوتا ہے، لہٰذا ہمیں اس بات کی یقین دہانی نہیں دے سکتا کہ ہم ان تمام اہم امور سے بخوبی واقف ہو چکے ہیں جن کی نشاندہی کسی آڈٹ میں کی جاسکتی ہے۔ اس لیے ہم کسی آڈٹ رائے کا اظہار نہیں کریں گے۔

## نتیجہ

ہم نے اپنے جائزے کی بنیاد پر یہ سمجھتے ہیں کہ یہ منسلک عبوری مالی گوشوارے تمام مادی اعتبار سے اچھی طرح تیار کیے گئے ہیں اور اکاؤنٹنگ اور رپورٹنگ کے معیارات کے عین مطابق ہیں جیسا کہ ان کا عبوری مالی رپورٹنگ کے لیے پاکستان میں اطلاق ہے۔

آڈیٹرز کے اس غیر جانب دار جائزے کی رپورٹ کے آڈٹ نتائج کے شراکت دار جناب شیخ احمد سلمان ہیں۔

**چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس**

**مقام:** کراچی

**تاریخ:** 22 اگست 2023ء

**یوڈی آئی این نمبر:** RR2023101202i5Sglhb8

# مالی صورتِ حال کے کنڈینسڈ عبوری گوشوارے

30 جون 2023ء کو اختتام پذیر ہونے والی ششماہی کے لیے

| | نوٹ | غیر آڈٹ شدہ 30 جون 2023ء | آڈٹ شدہ 31 دسمبر 2022ء |
|---|---|---|---|
| | | ------------------(ہزار روپے)------------------ | |
| **اثاثے** | | | |
| **غیر حالیہ اثاثے** | | | |
| جائیداد، پلانٹ اور آلات | 5 | 21,310,746 | 20,579,301 |
| حق استعمال کے اثاثے | | 6,439,416 | 6,453,393 |
| غیر محسوس اثاثے | | 525 | 2,101 |
| طویل مدتی سرمایہ کاریاں | 6 | 5,453,666 | 5,198,192 |
| طویل مدتی قرضے | | 69,153 | 51,163 |
| طویل مدتی امانتیں اور پیشگی ادائیگیاں | | 290,743 | 220,100 |
| مؤخر ٹیکس | | 856,815 | 780,010 |
| | | 34,421,064 | 33,284,260 |
| **جاری اثاثے** | | | |
| زیر تجارت اسٹاک | 7 | 40,038,923 | 42,921,597 |
| تجارتی قرضے | 18.4 | 6,742,532 | 5,910,061 |
| قرضے اور بیعانے | | 76,606 | 62,784 |
| قلیل مدتی پیشگی ادائیگیاں | | 579,843 | 535,584 |
| دیگر واجبات | 8 | 7,300,848 | 8,216,986 |
| نقد اور بینک بیلنس | 9 | 19,064,677 | 10,801,097 |
| | | 73,803,429 | 68,448,109 |
| **مجموعی اثاثے** | | 108,224,493 | 101,732,369 |
| **ایکویٹی اور واجبات** | | | |
| **ایکویٹی** | | | |
| سرمایہ حصص | 10 | 2,140,246 | 2,140,246 |
| پریمیم حصص | | 11,991,012 | 11,991,012 |
| عمومی ذخائر | | 207,002 | 207,002 |
| جمع شدہ (نقصان) / غیر مختص نفع | | 4,349,160 | 807,101 |
| بعد استعمال نوپیائش فوائد - حقیقی نقصان | | (543,266) | (543,266) |
| دیگر جامع آمدنی کے ذریعے عرفی مالیت [FVOCI] کے طور پر درجہ بند ایکویٹی سرمایہ کاری کی نوپیائش پر غیر حصولی نقصان | | (5,000) | (5,000) |
| **مجموعی ایکویٹی** | | 18,139,154 | 14,597,095 |
| **واجبات** | | | |
| **غیر حالیہ واجبات** | | | |
| اثاثوں کی واپسی کی ذمہ داری | | 329,762 | 321,113 |
| طویل مدتی مالکاری | | 2,950,169 | 2,923,281 |
| طویل مدتی اجارہ واجبات | | 6,136,773 | 5,945,991 |
| بعد از ریٹائرمنٹ طبی فوائد کی فراہمی | | 178,788 | 178,788 |
| | | 9,595,492 | 9,369,173 |
| **حالیہ واجبات** | | | |
| تجارتی و دیگر واجب الادا | 11 | 75,195,635 | 73,703,492 |
| صارفین کی جانب سے وصول کردہ ایڈوانسز (معاہداتی واجبات) | | 1,472,239 | 1,442,366 |
| بے دعویٰ مقسومہ | | 278,892 | 278,892 |
| غیر ادا شدہ مقسومہ | | 504,847 | 508,954 |
| مجموعی مارک اپ | | - | 2,848 |
| ٹیکس - خالص | | 1,711,961 | 882,792 |
| طویل مدتی تموین کا حالیہ حصہ | | 603,832 | 236,964 |
| طویل مدتی اجارہ واجبات کا حالیہ حصہ | | 722,441 | 709,793 |
| | | 80,489,847 | 77,766,101 |
| **اتفاقی مصارف و معاہدے** | 12 | | |
| **مجموعی ایکویٹی اور واجبات** | | 108,224,493 | 101,732,369 |

منسلک نوٹس 1 تا 22 ان کنڈینسڈ عبوری مالی گوشواروں کا لازمی حصہ تشکیل دیتے ہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| **عمران آر ابراہیم** | **وقار آئی صدیقی** | **ضرار محمود** |
| ڈائریکٹر | چیف ایگزیکٹو | چیف فنانشل آفیسر |

# نفع یا نقصان اور دیگر جامع آمدنی کے کنڈینسڈ عبوری گوشوارے (غیر آڈٹ شدہ)

30 جون 2023ء کو اختتام پذیر ہونے والی ششماہی کے لیے

| | نوٹ | ششماہی اختتام شدہ | | سہ ماہی اختتام شدہ | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | 30 جون 2022ء | 30 جون 2021ء | 30 جون 2022ء | 30 جون 2021ء |
| | | ----------(ہزار روپے)---------- | | | |
| سیلز | | **215,417,531** | 198,484,216 | **105,811,374** | 114,103,090 |
| دیگر محاصل | | **641,137** | 324,916 | **258,718** | 183,486 |
| | | **216,058,668** | 198,809,132 | **106,070,092** | 114,286,576 |
| سیلز ٹیکس | | **(3,964,881)** | (3,716,171) | **(2,609,477)** | (1,901,783) |
| خالص محاصل | | **212,093,787** | 195,092,961 | **103,460,615** | 112,384,793 |
| فروخت شدہ مصنوعات کی لاگت | | **(193,902,561)** | (167,161,488) | **(97,467,634)** | (93,806,600) |
| **مجموعی نفع** | | **18,191,226** | 27,931,473 | **5,992,981** | 18,578,193 |
| تقسیم کاری اور مارکیٹنگ کے اخراجات | | **(5,513,142)** | (4,297,076) | **(2,833,988)** | (1,916,414) |
| انتظامی اخراجات | | **(4,993,346)** | (3,536,344) | **(2,685,312)** | (2,006,470) |
| دیگر اخراجات | 12 | **(12,946,685)** | (8,841,569) | **(1,810,275)** | (6,313,148) |
| دیگر آمدنی | | **12,218,609** | 1,083,387 | **11,742,231** | 942,264 |
| **آپریٹنگ نفع** | | **6,956,662** | 12,339,871 | **10,405,637** | 9,284,425 |
| مالی لاگتیں | | **(1,172,434)** | (484,746) | **(434,667)** | (267,842) |
| | | **5,784,228** | 11,855,125 | **9,970,970** | 9,016,583 |
| معاون کے منافع کا حصہ - خالص ٹیکس | 6 | **253,366** | 604,022 | **140,492** | 412,075 |
| **قبل از ٹیکس نفع** | | **6,037,594** | 12,459,147 | **10,111,462** | 9,428,658 |
| ٹیکس | 13 | **(2,497,643)** | (4,951,117) | **(1,809,635)** | (4,000,044) |
| **دوران مدت مجموعی نفع** | | **3,539,951** | 7,508,030 | **8,301,827** | 5,428,614 |
| دیگر جامع آمدنی | | | | | |
| **وہ اشیاء جن کی نو درجہ بندی بعد میں نفع و نقصان کے زمرے میں نہیں کی جائے گی** | | | | | |
| معاون کی دیگر جامع آمدنی کا حصہ - خالص ٹیکس | 6 | **2,108** | (38,914) | - | - |
| مدت کے لیے مجموعی جامع آمدنی | | **3,542,059** | 7,469,116 | **8,301,827** | 5,428,614 |
| | | ----------(ہزار روپے)---------- | | | |
| **آمدنی فی شیئر - بنیادی اور سیال** | | **16.54** | 35.08 | **38.79** | 25.36 |

منسلک نوٹس 1 تا 22 ان کنڈینسڈ عبوری مالی گوشواروں کا لازمی حصہ تشکیل دیتے ہیں۔

**عمران آر ابراہیم**
ڈائریکٹر

**وقار آئی صدیقی**
چیف ایگزیکٹو

**ضرار محمود**
چیف فنانشل آفیسر

# ایکویٹی میں تبدیلیوں کے کنڈینسڈ عبوری گوشوارے (غیر آڈٹ شدہ)

30 جون 2023ء کو اختتام پذیر ہونے والی ششماہی کے لیے

| | محفوظ سرمایہ | | محفوظ محاصل | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | سرمایہ حصص | پریمیم حصص | عمومی ذخائر | مجموعی (نقصان)/ غیر مختص نفع | بعد استعمال منافع پر حقیقی نقصان | سرمایہ کاریوں کی نو قدر پیمائی پر غیر حصولی (نقصان) | کُل |
| | ----------------------------- | | | (ہزار روپے) | ------------------------- | | |
| 31 دسمبر 2021ء پر بیلنس (آڈٹ شدہ) | 2,140,248 | 11,991,012 | 207,002 | 1,587,146 | 598,930 | (5,000) | 15,321,478 |
| مدت کے لیے خالص نقصان | - | - | - | 7,508,030 | - | - | 7,508,030 |
| سال کے لیے دیگر جامع آمدنی | - | - | - | (38,914) | | | (38,914) |
| | - | - | - | 7,469,116 | - | - | 7,469,116 |
| 30 جون 2022ء پر بیلنس (غیر آڈٹ شدہ) | 2,140,246 | 11,991,012 | 207,002 | 9,056,262 | (598,930) | (5,000) | 22,790,594 |
| 31 دسمبر 2022ء پر بیلنس (آڈٹ شدہ) | 2,140,246 | 11,991,012 | 207,002 | 807,101 | (543,266) | (5,000) | 14,597,095 |
| مدت کے لیے خالص نفع | - | - | - | 3,539,951 | | | 3,539,951 |
| سال کے لیے دیگر جامع نقصان | - | - | - | 2,108 | | | 2,108 |
| | - | - | - | 3,542,059 | | | 3,542,059 |
| 30 جون 2023ء پر بیلنس (غیر آڈٹ شدہ) | 2,140,246 | 11,991,012 | 207,002 | 4,349,160 | (543,266) | (5,000) | 18,139,154 |

منسلک نوٹس 1 تا 22 ان کنڈینسڈ عبوری مالی گوشواروں کا لازمی حصہ تشکیل دیتے ہیں۔

عمران آر ابراہیم
ڈائریکٹر

وقار آئی صدیقی
چیف ایگزیکٹو

ضرار محمود
چیف فنانشل آفیسر

# رقوم کے بہاؤ کے کنڈینسڈ عبوری گوشوارے (غیر آڈٹ شدہ)

30 جون 2023ء کو اختتام پذیر ہونے والی ششماہی کے لیے

| | نوٹ | اختتام پذیر ہونے والی ششماہی 30 جون 2023ء | اختتام پذیر ہونے والی ششماہی 30 جون 2022ء |
|---|---|---|---|
| | | (ہزار روپے) | (ہزار روپے) |
| **آپریٹنگ سرگرمیوں سے رقوم کے بہاؤ** | | | |
| آپریشنز (میں استعمال کی گئی) / سے حاصل ہونے والی رقوم | 14 | 714,117 | (138,362) |
| اداشدہ مالی لاگتیں | | (7,176) | (66,664) |
| اداشدہ انکم ٹیکس | | (107,731) | (106,404) |
| طویل مدتی قرضے اور بیعانے | | (531,381) | (1,737,179) |
| طویل مدتی امانتیں اور پیشگی ادائیگیاں | | 2,515 | (22,747) |
| قلیل مدتی امانتوں پر حاصل ہونے والا سود | | (6,800) | (1,074) |
| **آپریٹنگ سرگرمیوں میں استعمال ہونے والی خالص رقوم** | | 63,543 | (2,072,430) |
| **سرمایہ کاری سرگرمیوں سے رقوم کے بہاؤ** | | | |
| معین سرمایہ جاتی اخراجات | | (845,094) | (1,804,009) |
| معاون سے حاصل ہونے والا مقسومہ | | - | 23,221 |
| جائیداد، پلانٹ اور آلات کے تصفیے سے حاصل ہونے والی وصولیاں | | 419,879 | 68,605 |
| **سرمایہ کاری سرگرمیوں میں استعمال ہونے والی خالص رقوم** | | (425,215) | (1,712,182) |
| **مالکاری سرگرمیوں سے رقوم کے بہاؤ** | | | |
| اجارہ واجبات کی ادائیگی کا زرِ اصل | | (251,392) | (395,639) |
| **مالکاری سرگرمیوں سے پیدا ہونے والی (میں استعمال ہونے والی) خالص رقوم** | | (251,392) | (395,639) |
| **رقم اور رقم کے مساوی اشیا کی خالص (کمی) / اضافہ** | | (613,064) | (4,180,252) |
| مدت کے آغاز پر رقم اور رقم کے مساوی اشیا | | 10,801,097 | 4,973,417 |
| **مدت کے اختتام پر رقم اور رقم کے مساوی اشیا** | | 10,188,033 | 793,165 |
| **رقم اور رقم کے مساوی اشیا مندرجہ ذیل پر مشتمل ہیں:** | | | |
| بینک بیلنس | | 19,064,677 | 2,293,165 |
| قلیل مدتی قرض گیریاں - محفوظ | | - | (1,500,000) |
| | | 19,064,677 | 793,165 |

منسلک نوٹس 1 تا 22 ان کنڈینسڈ عبوری مالی گوشواروں کا لازمی حصہ تشکیل دیتے ہیں

| | | |
|---|---|---|
| عمران آر ابراہیم | وقار آئی صدیقی | ضرار محمود |
| ڈائریکٹر | چیف ایگزیکٹو | چیف فنانشل آفیسر |

# کنڈینسڈ عبوری گوشواروں کے نوٹس (غیر آڈٹ شدہ)

**30 جون 2023ء تک اختتام پذیر ہونے والی ششماہی کے لیے**

1 **کمپنی اور اس کے آپریشنز**

1.1 شیل پاکستان لمیٹڈ (کمپنی) محدود واجبہ کمپنی ہے جو پ کمپنیز ایکٹ 7 برائے 1913ء (جو کمپنیز ایکٹ 2017ء کے نفاذ کے بعد منسوخ ہو گیا تھا) کے تحت پاکستان میں 28 جون 1969ء میں قائم کی گئی اور جو پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں رجسٹرڈ ہے۔ کمپنی شیل پٹرولیم کمپنی لمیٹڈ، برطانیہ (فوری مالک) کی ذیلی ہے، جو شیل پبلک لمیٹڈ کمپنی (سابقہ رائل ڈچ شیل پبلک لمیٹڈ کمپنی) (حتمی مالک) کی ذیلی ہے۔ کمپنی کا رجسٹرڈ دفتر شیل ہاؤس، 6، چوہدری خلیق الزمان روڈ، کراچی، پاکستان پر واقع ہے۔

1.2 کمپنی پٹرولیم مصنوعات اور کمپریسڈ قدرتی گیس کی مارکیٹنگ کرتی ہے۔ یہ لبریکینٹ آئلز کی مختلف اقسام کی تیاری و مارکیٹنگ بھی کرتی ہے۔

2 **آپریشنز کی بنیادیں**

2.1 **کمپلائنس کا بیان**

کنڈینسڈ عبوری مالی گوشوارے ان اکاؤنٹنگ اور رپورٹنگ کے معیارات کے مطابق تیار کیے گئے ہیں جیسا کہ عبوری مالی رپورٹنگ کے لیے ان کا پاکستان میں اطلاق ہے۔ اکاؤنٹنگ اور رپورٹنگ کے معیارات جیسا کہ عبوری مالی رپورٹنگ کے لیے ان کا پاکستان میں اطلاق ہے، درج ذیل ہیں:

- انٹرنیشنل اکاؤنٹنگ اسٹینڈرڈز (آئی اے ایس) 34، عبوری مالی رپورٹنگ، انٹرنیشنل اکاؤنٹنگ اسٹینڈرڈز بورڈ (آئی اے ایس بی) کی جانب سے جاری کردہ، جسے کمپنیز ایکٹ 2017ء کے تحت مشتہر کیا گیا تھا؛ اور
- ایکٹ کے تحت جاری کردہ ہدایت نامے اور شرائط

جہاں کہیں ایکٹ کے تحت جاری کردہ ہدایت نامے کی شرائط آئی ایف آر ایس کے تقاضوں سے ہم آہنگ نہیں تھیں، وہاں ایکٹ کے ہدایت نامے کی شرائط پر عمل کیا گیا ہے۔

30 جون 2023ء تک ختم ہونے والی ششماہی کے لیے یہ کنڈینسڈ عبوری مالی گوشوارے غیر آڈٹ شدہ ہیں۔

2.2 ان کنڈینسڈ عبوری مالی گوشواروں میں وہ تمام معلومات اور انکشافات شامل نہیں ہیں جو سالانہ مالی گوشواروں کے لیے درکار ہیں اور جنھیں 31 دسمبر 2022ء کو اختتام پذیر ہونے والے سال کے لیے کمپنی کے سالانہ گوشواروں کے ساتھ ملا کر پڑھنا ضروری ہے۔

2.3 یہ کنڈینسڈ عبوری مالی گوشوارے ایکٹ کے سیکشن 237 اور پاکستان اسٹاک ایکسچینج کے ضوابط کے مطابق شیئر ہولڈرز کو جمع کروائے جا رہے ہیں۔

3 **اکاؤنٹنگ پالیسیاں**

3.1 ان کنڈینسڈ عبوری مالی گوشواروں کی تیاری میں استعمال کیے گئے اکاؤنٹنگ پالیسیاں اور حسابی طریقہ کار وہی ہیں جن کا اطلاق 31 دسمبر 2022ء کو اختتام پذیر ہونے والے سال کے سالانہ آڈٹ شدہ مالی گوشواروں کی تیاری میں کیا گیا تھا۔

ابتدائی طور پر کمپنی نے ایسا کوئی جاری کردہ معیار، تشریح یا ترمیم نہیں اپنائی ہے جو ابھی تک مؤثر نہیں ہوئی ہو۔

3.2 کمپنی سال کے اختتام پر سالانہ حقیقی قیمت بندی کے طریقے پر عمل کرتی ہے۔ لہٰذا، بعد ملازمت فوائد کے منصوبوں کی از سر نو پیائش کے اثرات کو ان کنڈینسڈ عبوری مالی بیانات میں شامل نہیں کیا گیا ہے۔

3.3 آمدنی پر ٹیکس عبوری مدت کے دوران اس ٹیکس شرح پر لیے جاتے ہیں جو مجموعی متوقع نفع یا نقصان پر قابلِ اطلاق ہوتی ہے۔

4 **اہم اکاؤنٹنگ تخمینے، آرا اور فیصلے**

4.1 ان کنڈینسڈ عبوری مالی گوشواروں کی تیاری منظور شدہ اکاؤنٹنگ معیارات کی تائید سے کی گئی ہے جس کے لیے بعض اہم اکاؤنٹنگ تخمینوں کا استعمال درکار ہوتا ہے۔ منیجمنٹ کے لیے یہ بھی ضروری ہوتا ہے کہ کمپنی کی اکاؤنٹنگ پالیسیوں کے اطلاق کے دوران اپنی رائے بھی شامل کرے۔ تخمینوں اور ان سے منسلک آرا کا مستقل جائزہ لیا جاتا ہے جو تاریخی تجربے اور دیگر عوامل، بشمول مستقبل کے واقعات کی توقعات، جنھیں حالات کے تحت مناسب سمجھا جاتا ہے، پر مبنی ہوتا ہے۔ تاہم، اصل نتائج ان تخمینوں سے مختلف ہو سکتے ہیں۔

4.2 ان کنڈینسڈ عبوری مالی گوشواروں کی تیاری کے دوران، کمپنی کی اکاؤنٹنگ پالیسیوں اور تخمینوں کی غیر یقینی کے اہم ماخذات کے اطلاق میں منیجمنٹ کی جانب سے کیے گئے نمایاں فیصلے وہی تھے جنھیں 31 دسمبر 2022ء کو اختتام پذیر ہونے والے سال کے آڈٹ شدہ سالانہ مالی گوشواروں پر بھی لاگو کیا گیا تھا، ماسوائے ذیل میں ظاہر کیے گئے مستثنیات کے:۔

## 5 جائیداد، پلانٹ اور آلات

| | نوٹ | 30 جون 2023ء غیر آڈٹ شدہ | 31 دسمبر 2022ء آڈٹ شدہ |
|---|---|---|---|
| | | -----------(ہزار روپے)----------- | |
| آپریٹنگ اثاثے - خالص کتابی قیمت پر | | 16,790,127 | 16,329,276 |
| ضرر کی فراہمی | | (141,700) | (355,725) |
| | 5.1 | 16,648,427 | 15,973,551 |
| جاری کام پر سرمایہ | 5.2 | 4,662,319 | 4,605,750 |
| | | 21,310,746 | 20,579,301 |

### 5.1 آپریٹنگ معین اثاثے

| | نوٹ | 30 جون 2023ء غیر آڈٹ شدہ | 31 دسمبر 2022ء آڈٹ شدہ |
|---|---|---|---|
| مدت / سال کے آغاز پر بیلنس | | 15,973,551 | 13,288,480 |
| دورانِ مدت / سال اضافے | 5.1.1 | 1,696,053 | 4,901,601 |
| | | 17,669,604 | 18,190,081 |
| مدت / سال کے دوران ضائع / استرداد - خالص کتابی قیمت | 5.1.2 | (283,623) | (212,946) |
| دورانِ مدت / سال فرسودگی کا چارج / مضرت - خالص | | (737,554) | (2,003,584) |
| | | (1,021,177) | (2,216,530) |
| مدت / سال کے اختتام پر بیلنس | | 16,648,427 | 15,973,551 |

5.1.1 آپریٹنگ اثاثوں میں اضافے، بشمول دورانِ مدت جاری کام پر سرمایے کی منتقلیاں،، درج ذیل تھیں:

| | غیر آڈٹ شدہ ششماہی کے اختتام پر 30 جون 2023ء | 30 جون 2022ء |
|---|---|---|
| | -----------(ہزار روپے)----------- | |
| اجارہ والی زمین | 130,242 | - |
| آزاد زمین پر عمارتیں | - | 9,405 |
| اجارہ والی زمین پر عمارتیں | 414,956 | 470,850 |
| ٹینک اور پائپ لائنز | 109,901 | 1,370,395 |
| پلانٹ اور مشینری | 586,411 | 230,814 |
| ایئر کنڈیشننگ پلانٹ | 56,763 | 11,635 |
| لفٹس | 2,546 | 345 |
| تقسیم کے پمپ | 73,953 | 127,595 |
| رولنگ اسٹاک اور گاڑیاں | - | 3,523 |
| برقی، میکانکی، اور آگ بجھانے والے آلات | 40,350 | 366,342 |
| فرنیچر، دفتر کا سامان اور دیگر اثاثے | 218,363 | 199,304 |
| کمپیوٹر اور دیگر ضروری سامان | 62,568 | 20,381 |
| | 1,696,053 | 2,810,589 |

5.1.2 دورانِ مدت درج ذیل اثاثے متروک / تلف کر دیے گئے:

| | لاگت | مجموعی فرسودگی | خالص کتابی قیمت |
|---|---|---|---|
| | -----------(ہزار روپے) | ----------- | |
| **30 جون 2023ء (غیر آڈٹ شدہ)** | | | |
| اجارہ والی زمین | 8,466 | 539 | 7,927 |
| اجارہ والی زمین پر عمارتیں | 86,564 | 65,789 | 20,775 |
| ٹینک اور پائپ لائنز | 66,341 | 56,805 | 9,536 |
| پلانٹ اور مشینری | 161,364 | 58,600 | 102,764 |
| ایئر کنڈیشننگ پلانٹ | 1,597 | 1,314 | 283 |
| تقسیم کے پمپ | 133,934 | 86,420 | 47,514 |
| رولنگ اسٹاک اور گاڑیاں | 157,334 | 156,065 | 1,269 |
| برقی، میکانکی، اور آگ بجھانے والے آلات | 501,398 | 409,055 | 92,343 |
| فرنیچر، دفتر کا سامان اور دیگر اثاثے | 6,159 | 4,947 | 1,212 |
| کمپیوٹر اور دیگر ضروری سامان | 163 | 163 | - |
| | 1,123,320 | 839,697 | 283,623 |
| **30 جون 2022ء (غیر آڈٹ شدہ)** | | | |
| اجارہ والی زمین پر عمارتیں | 9,269 | 1,465 | 7,804 |
| تقسیم کے پمپ | 6,404 | 3,374 | 3,030 |
| برقی، میکانکی، اور آگ بجھانے والے آلات | 1,573 | 1,130 | 443 |
| فرنیچر، دفتر کا سامان اور دیگر اثاثے | 9,221 | 6,309 | 2,912 |
| کمپیوٹر اور دیگر ضروری سامان | 1,397 | 272 | 1,125 |
| پلانٹ اور مشینری | 354 | 41 | 313 |
| رولنگ اسٹاک اور گاڑیاں | 22,949 | 12,865 | 10,084 |
| ٹینک اور پائپ لائنز | 2,160 | 830 | 1,330 |
| | 53,327 | 26,286 | 27,041 |

## 5.2 جاری کام پر سرمایہ کاری

| | نوٹ | غیر آڈٹ شدہ 30 جون 2023ء | آڈٹ شدہ 31 دسمبر 2022ء |
|---|---|---|---|
| | | --------------(ہزار روپے) | --------------- |
| اجارہ والی زمین پر عمارتیں | | 2,449,439 | 2,487,709 |
| ٹینک اور پائپ لائنز | | 1,223,082 | 1,095,270 |
| پلانٹ اور مشینری | | 429,716 | 473,821 |
| ایئر کنڈیشننگ پلانٹ | | - | 44,062 |
| رولنگ اسٹاک اور گاڑیاں | | 90,520 | 49,057 |
| برقی، میکانکی، اور آگ بجھانے والے آلات | | 341,669 | 324,137 |
| فرنیچر، دفتر کا سامان اور دیگر اثاثے | | 127,893 | 131,694 |
| | 5.2.1 | 4,662,319 | 4,605,750 |

5.2.1 دورانِ مدت جاری کام پر سرمائے میں اضافے سے یہ بڑھ کر 1,752,621 ہزار روپے ہو گیا (30 جون 2022ء: 1,804,008 ہزار روپے).

## 6 طویل مدتی سرمایہ کاری

ایک غیر درج شدہ معاون پاک عرب پائپ لائن کمپنی لمیٹڈ (پیپکو) میں 26 فیصد کی سرمایہ کاری شامل ہے، جو اکاؤنٹنگ کے زیر ایکویٹی طریقے پر کی گئی، جس کا خلاصہ درج ذیل ہے:

| | نوٹ | غیر آڈٹ شدہ 30 جون 2023ء | آڈٹ شدہ 31 دسمبر 2022ء |
|---|---|---|---|
| | | ----------(ہزار روپے)---------- | |
| مدت / سال کے آغاز پر بیلنس | | 5,198,192 | 4,970,295 |
| قبل از ٹیکس منافع پر حصہ | | 606,189 | 1,553,225 |
| ٹیکس کا حصہ | | (352,823) | (554,320) |
| | | 253,366 | 998,905 |
| دیگر جامع نقصان کا حصہ قبل از ٹیکس | | 3,456 | (91,507) |
| ٹیکس کا حصہ | | (1,348) | 25,849 |
| | | 2,108 | (65,658) |
| موصول شدہ مقسومہ | | - | (705,350) |
| مدت / سال کے اختتام پر بیلنس | | 5,453,666 | 5,198,192 |

## 7 زیر تجارت اسٹاک

| | نوٹ | غیر آڈٹ شدہ 30 جون 2023ء | آڈٹ شدہ 31 دسمبر 2022ء |
|---|---|---|---|
| خام مال اور پیکنگ کا سامان | | 6,596,664 | 5,853,973 |
| متروک اور کم مستعمل اسٹاک کی فراہمی | 7.1 | (43,651) | (50,577) |
| | | 6,553,013 | 5,803,396 |
| تیار مصنوعات | | 34,245,829 | 37,502,553 |
| متروک اور کم مستعمل اسٹاک کی فراہمی | 7.1 | (759,919) | (384,352) |
| | | 33,485,910 | 37,118,201 |
| | | 40,038,923 | 42,921,597 |

7.1 جن میں پیپکو (ایک معاون) کے پاس 10,341,294 ہزار روپے (31 دسمبر 2022ء: 8,721,501 ہزار روپے) مالیت کی پیٹرولیم مصنوعات شامل ہیں۔

## 8 دیگر واجب الادا

| | نوٹ | غیر آڈٹ شدہ 30 جون 2023ء | آڈٹ شدہ 31 دسمبر 2022ء |
|---|---|---|---|
| | | ----------(ہزار روپے)---------- | |
| پٹرولیم ڈویلپمنٹ لیوی اور دیگر ڈیوٹیاں | | 1,380,029 | 1,380,029 |
| قیمت کے تفرق کے دعوے | | | |
| -درآمدی خریداریوں پر | | 295,733 | 295,733 |
| -ہائی اسپیڈ ڈیزل (ایچ ایس ڈی) پر | | 343,584 | 343,584 |
| -درآمدی موٹر گیسولین پر | | 1,961,211 | 1,961,211 |
| کسٹم ڈیوٹی پر واجبات | | 44,413 | 44,413 |
| قابلِ واپسی سیلز ٹیکس | | 2,200,924 | 2,020,988 |
| اندرونِ ملک بوجھ کو مساوی کرنے کا نظام | | 506,315 | 414,687 |
| متعلقہ فریقوں کی جانب سے واجبات | | 2,218,781 | 1,749,834 |
| ایک معاون کمپنی-پیپکو کی جانب سے واجب الادا لاگتِ خدمت | | 21,972 | 18,386 |
| ملازمین کے منافعوں میں شراکت کا فنڈ | | - | 94,500 |
| آئل مارکیٹنگ کمپنیوں کی جانب سے واجبات | | 49,196 | 96,350 |
| ٹیکس واجبات | | 1,297,979 | 1,020,214 |
| لیٹر آف کریڈٹ پر سود | | 115,645 | 211,517 |
| دیگر | | 994,725 | 720,729 |
| | | 11,430,507 | 10,372,175 |
| ضرر پر فراہمی | 8.1 | (4,129,659) | (2,155,189) |
| | | 7,300,848 | 8,216,986 |

8.1 ضرر پر فراہمی

| | غیر آڈٹ شدہ 30 جون 2023ء | آڈٹ شدہ 31 دسمبر 2022ء |
|---|---|---|
| مدت / سال کے آغاز پر بیلنس | **2,155,189** | 1,112,254 |
| مدت / سال کے دوران فراہمی | **1,974,470** | 1,300,428 |
| | | (257,493) |
| | **1,974,470** | 1,042,935 |
| مدت / سال کے اختتام پر بیلنس | **4,129,659** | 2,155,189 |

9 بینک بیلنس

اس میں 4,000,000 ہزار روپے (31 دسمبر، 2022ء: صفر) کی ٹرم ڈپازٹ رسیدیں شامل ہیں جو 19.5 فیصد (31 دسمبر، 2022ء: صفر) کی شرح سے سالانہ سود کی حامل ہیں، جس کی مدت 04 جولائی، 2023ء تک ہے۔

10 سرمایہ حصص

مجاز سرمایہ حصص

| غیر آڈٹ شدہ 30 جون 2023ء | آڈٹ شدہ 31 دسمبر 2022ء | | غیر آڈٹ شدہ 30 جون 2023ء | آڈٹ شدہ 31 دسمبر 2022ء |
|---|---|---|---|---|
| (حصص کی تعداد) | | عام شیئرز 10/- روپے ہر ایک کے لیے | -------------(ہزار روپے)------------- | |
| **300,000,000** | 300,000,000 | | 3,000,000 | **3,000,000** |

جاری کردہ اختیار کردہ ادا شدہ سرمایہ

| غیر آڈٹ شدہ 30 جون 2023ء | آڈٹ شدہ 31 دسمبر 2022ء | | غیر آڈٹ شدہ 30 جون 2023ء | آڈٹ شدہ 31 دسمبر 2022ء |
|---|---|---|---|---|
| (حصص کی تعداد) | | عام شیئرز 10/- روپے ہر ایک کے لیے | | |
| **130,493,331** | 130,493,331 | مکمل طور پر نقد میں ادا کیا گیا | **1,304,933** | 1,304,933 |
| **83,531,331** | 83,531,331 | مکمل ادا شدہ بونس شیئرز کے طور پر جاری کردہ | **835,313** | 835,313 |
| **214,024,662** | 214,024,662 | | **2,140,246** | 2,140,246 |

10.1 کنڈینسڈ عبوری مالی پوزیشن کے بیانات کی تاریخ پر امیڈیٹ پیرنٹ کے عام حصص (شیئرز) 165,700,304 تھے (31 دسمبر 2022ء: 165,700,304)۔

| 11 تجارتی و دیگر واجبات | نوٹ | غیر آڈٹ شدہ 30 جون 2023ء | آڈٹ شدہ 31 دسمبر 2022ء |
|---|---|---|---|
| | | -----------(ہزار روپے)----------- | |
| قرض خواہ | 11.1 | **67,339,557** | 65,036,991 |
| واجب الحصول واجبات | 11.2 | **6,521,784** | 7,407,648 |
| محفوظ امانتیں | | **487,581** | 470,820 |
| ریٹائرمنٹ پر عملے کے لیے فوائد کی اسکیم | | **22,607** | 70,529 |
| ورکرز ویلفیئر فنڈ | | **490,856** | 554,693 |
| ورکرز کا منافع میں شراکت کا فنڈ | | **249,450** | |
| عملے کو ملازمت سے فارغ کرنے کے منصوبے کی فراہمی | | **75,653** | 155,071 |
| دیگر | | **8,147** | 7,740 |
| | | **75,195,635** | 73,703,492 |

11.1 بشمول متعلقہ فریقوں پر واجب الادا مجموعی رقم 48,841,056 ہزار روپے (31 دسمبر 2022ء: 56,010,107 ہزار روپے)

11.2 بشمول متعلقہ فریقوں سے واجب الحصول مجموعی رقم 1,057,227 ہزار روپے (31 دسمبر 2022ء: 1,009,768 ہزار روپے)

## 12 اتفاقی مصارف اور معاہدات

### 12.1 اتفاقی مصارف

اتفاقی مصارف کے حوالے سے 31 دسمبر 2022ء اختتام پذیر ہونے والے سالانہ آڈٹ شدہ مالی گوشواروں کے نوٹ 23.1 میں بتائی گئی صورتِ حال میں کوئی تبدیلی نہیں آئی ہے۔

### 12.2 معاہدات

12.2.1 سرمایہ جاتی اخراجات جن کے معاہدے ہوئے لیکن انھیں وصول نہیں کیا گیا ان کی رقم 30 جون 2023ء تک تقریباً 1,681,414 روپے تھی (31 دسمبر 2022ء: 2,214,706 ہزار روپے)۔

12.2.2 فنانس ایکٹ، 2005ء کے تحت، درآمدات پر عائد محصولات اور محصولات پر عائد ذمہ داری کو مناسب طریقے سے نبھانے کے ضمن میں کسٹم پورٹ قاسم اور کراچی پورٹ ٹرسٹ کے کلیکٹر کی جانب سے کسٹم ایکٹ 1969ء کے مطابق تاریخ مابعد چیک جمع کروائے گئے۔ 30 جون 2023ء تک ان چیک کی مالیت 18,779,585 ہزار روپے تھی (31 دسمبر 2022ء: 24,529,122 ہزار روپے)۔ ان چیک کی عرصیت کی تاریخ بڑھا کر 14 دسمبر 2023ء کر دی گئی ہے۔

12.2.3 30 جون 2023ء تک لیٹر آف کریڈٹ اور دیگر بینک گارنٹیوں کی رقم 15,110,942 ہزار روپے ہے (31 دسمبر 2022ء: 10,950,213 ہزار روپے)

## 13 دیگر اخراجات

اس میں 10,442,832 ہزار روپے کا مبادلہ نقصان شامل ہے (30 جون 2022ء: 6,587,454 روپے)

## 14 دیگر آمدن

تکنیکی خدمات کی فیس اور دیگر لاگتوں پر چھوٹ کے لیے شیل انٹرنیشنل پٹرولیم کمپنی لمیٹڈ کی جانب سے جاری کردہ کریڈٹ نوٹس کے ضمن میں 10,699,550 ہزار روپے شامل ہیں۔

## 16 ٹیکس

| غیر آڈٹ شدہ | | | | |
|---|---|---|---|---|
| سہ ماہی کے اختتام پر | | ششماہی کے اختتام پر | | |
| 30 جون 2022ء | 30 جون 2023ء | 30 جون 2022ء | 30 جون 2023ء | |
| (ہزار روپے) | | | | |
| | | | | موجودہ |
| 2,439,750 | **2,111,103** | 2,754,109 | **2,574,448** | -مدت کے لیے |
| 613,779 | **-** | 697,010 | **-** | -گذشتہ سال کے لیے |
| 3,053,529 | **2,111,103** | 3,451,119 | **2,574,448** | |
| 709,548 | **(301,468)** | 1,499,998 | **(76,805)** | مؤخر |
| 3,763,077 | **1,809,635** | 4,951,117 | **2,497,643** | |

## 17 آپریشنز سے حاصل کی گئی/استعمال میں رقم

| | نوٹ | غیر آڈٹ شدہ 30 جون 2023ء | غیر آڈٹ شدہ 30 جون 2022ء |
|---|---|---|---|
| | | ----------(ہزار روپے)---------- | |
| نفع قبل از ٹیکس | | **6,037,594** | 12,459,147 |
| نان ٹیکس چارجز اور دیگر اشیا کا تصفیہ: | | | |
| مدت کے لیے آپریٹنگ اثاثوں پر فرسودگی کے چارجز | | **951,579** | 859,472 |
| مدت کے لیے حق استعمال کے اثاثوں پر فرسودگی کے چارجز | | **454,874** | 381,484 |
| مدت کے لیے رہن چارجز | | **1,576** | 1,576 |
| اثاثوں کی ریٹائرمنٹ کی ذمہ داری کے لحاظ سے خرچ میں اضافہ | | **8,649** | 3,754 |
| متروک اور کم فروخت ہونے والے اسٹاک کے لیے (استرداد)/فراہمی | | **368,641** | 15,866 |
| زیرِ تجارت اسٹاک کے ضرر کے لیے (استرداد)/فراہمی-خالص | | **5,132** | (12,027) |
| متروک تجارتی قرضے | | **16,690** | - |
| مٹی اور زمینی پانی کی صفائی کے لیے فراہمی | | **393,756** | - |
| دیگر واجبات کے ضرر کے لیے فراہمی | 8.1 | **1,974,470** | 1,300,428 |
| آپریٹنگ اثاثوں کے ضرر کے لیے فراہم اشیا کا استرداد | | **(214,025)** | (771) |
| بعد از ریٹائرمنٹ طبی فوائد کی فراہمی | | **-** | 10,548 |
| آپریٹنگ اثاثوں کو تلف کرنے پر (فوائد)/نقصان | | **(44,898)** | 3,820 |
| معاون کے نفع پر حصہ-خالص ٹیکس | 6 | **(253,366)** | (604,022) |
| قلیل مدتی ڈپازٹس اور سیونگ اکاؤنٹس پر سود | | **(737,682)** | (68,605) |
| واجبات جنھیں متروک کرنے کی ضرورت نہ ہو | | **(11,089,530)** | |
| قرضوں پر مارک اپ اور جاری قرضے | | **11,874** | 84,282 |
| اجارے کے واجبات پر سود | | **353,417** | 292,266 |
| جاری سرمائے میں تبدیلیاں | 17.1 | **13,154,873** | (14,865,580) |
| | | **11,393,623** | (138,362) |

## 17.1 جاری سرمائے میں تبدیلیاں

| | غیر آڈٹ شدہ 30 جون 2023ء | غیر آڈٹ شدہ 30 جون 2022ء |
|---|---|---|
| **موجودہ اثاثوں میں اضافہ** | ----------(ہزار روپے)---------- | |
| زیرِ تجارت اسٹاک | **2,514,033** | (28,742,677) |
| تجارتی قرضے | **(854,293)** | (1,419,703) |
| قرضے اور بیعانے | **(13,822)** | 40,289 |
| قلیل مدتی پیشگی ادائیگیاں | **(44,259)** | (215,982) |
| دیگر واجبات | **(1,058,332)** | 632,459 |
| | **543,327** | (29,705,614) |
| **موجودہ واجبات میں کمی** | | |
| تجارتی اور دیگر قابلِ ادائیگی رقوم | **12,611,546** | 14,840,034 |
| | **13,154,873** | (14,865,580) |

## 18 متعلقہ فریقوں کے لین دین

کمپنی کے متعلقہ فریقوں میں اٹیمیٹ اور امیڈیٹ پیرنٹس اور اس کے ذیلی، معاونین، اور دیگر کمپنیاں مع نمایاں اثر کے ساتھ مشترکہ مقتدر، ملازمین کے ریٹائرمنٹ فوائد، ڈائریکٹرز اور کلیدی انتظامی افراد شامل ہیں۔ مالی گوشواروں میں کہیں اور ظاہر کیے گئے لین دین کے علاوہ متعلقہ افراد کے ساتھ لین دین درج ذیل ہیں:

| تعلق کی نوعیت | لین دین کی نوعیت | نوٹ | غیر آڈٹ شدہ 30 جون 2023ء | غیر آڈٹ شدہ 30 جون 2022ء |
|---|---|---|---|---|
| | | | --------(ہزار روپے)-------- | |
| **معاون** | | | | |
| پاک عرب پائپ لائن کمپنی لمیٹڈ | پائپ لائن کے چارجز | | **322,372** | 492,489 |
| | دیگر | | **3,587** | 7,562 |
| **عملے کی ریٹائرمنٹ کے فوائد / اشتراک کے فنڈز** | | | | |
| پنشن فنڈز | اشتراک | | **72,725** | 64,919 |
| گریچویٹی فنڈز | اشتراک | | **1,884** | 2,199 |
| پراویڈنٹ فنڈ | اشتراک | | **13,040** | 10,914 |
| **کلیدی انتظامی افراد** | تنخواہیں اور ملازمت کے دیگر قلیل مدتی فوائد | 15.1 | **82,289** | 64,768 |
| | بعد از ریٹائرمنٹ فوائد | | **6,433** | 5,338 |
| | طبی فوائد | | **900** | 698 |
| **ڈائریکٹرز** | ایگزیکٹو ڈائریکٹرز کو قرض | | **1,787** | - |
| | میٹنگز میں شرکت کی فیس | | **6,047** | 2,796 |
| دیگر | خریداریاں | | **59,636,509** | 140,301,576 |
| | سیلز | | **241,272** | 180,912 |
| | پیرنٹ اور اس کے معاونین کے صارفین کو پاکستان میں فروخت کا مجموعہ | | **273,698** | 1,377,334 |
| | تکنیکی خدمات کی عائد کردہ فیس | 18.2 | **2,709,945** | 1,624,888 |
| | ٹریڈمارک اور اظہاری لائسنس کی عائد کردہ فیس | | **213,895** | 24,933 |
| | متعلقہ فریقوں سے بازیاب کروائے گئے اخراجات | | **10,770,164** | 76,370 |
| | متعلقہ فریقوں پر عائد کردہ دیگر اخراجات | 15.3 | **961,022** | 584,581 |
| | عطیات | | **10,150** | 11,750 |
| | لیگل چارجز | | **1,256** | 50 |
| | کمیشن کی آمدنی–خالص | | **715** | 19,934 |
| | سبسکرپشن | | **360** | 360 |

18.1 کلیدی انتظامی افراد وہ ہیں جو بلاواسطہ یا بالواسطہ طور پر کمپنی کی منصوبہ بندی، اس کی سرگرمیوں کی رہنمائی اور ان پر کنٹرول کا اختیار اور ذمہ داری کے حامل ہوتے ہیں۔ کمپنی اپنے چیف ایگزیکٹو، کمپنی سکریٹری، ایگزیکٹو ڈائریکٹرز اور چیف فنانشل آفیسر کو انتظامیہ کے کلیدی اہلکار سمجھتی ہے۔

18.2 کمپنی کی اپنے کاموں میں مشورہ اور مدد تکنیکی خدمات میں شامل ہے۔ ان خدمات کے لیے فیس کا تعین کمپنی اور متعلقہ شیل گروپ کمپنی کے مابین معاہدے کی بنیاد پر ایک متفقہ طریقہ کار کی بنیاد پر کیا گیا ہے۔

18.3 کمپنیوں کے ساتھ معاہدوں کے تحت شیل مشترکہ بزنس سروس سینٹر کمپنیوں سے حاصل کردہ خدمات کے خالص استرداد کی 296,796 ہزار روپے (30 جون 2022ء: 187,315 ہزار روپے) ان میں شامل ہیں۔

18.4 رپورٹنگ کی تاریخ پر، معاون کمپنیوں کی جانب سے 28,653 . ہزار روپے (31 دسمبر 2022ء: 21,720 ہزار روپے) تجارتی قرضوں کی رقم واجب الادا تھی۔

## 19 مالی انتظام خطر، مقاصد اور پالیسیاں

کمپنی کو اپنی سر گرمیوں کے ساتھ مختلف خطرات کا سامنا رہتا ہے۔ ان کنڈینسڈ عبوری مالی گوشوارے انتظامِ خطر کی ان تمام معلومات اور انکشافات کا اظہار نہیں کیا گیا ہے جو سالانہ آڈٹ شدہ مالی گوشواروں کے لیے درکار ہوتے ہیں اور جنھیں 31 دسمبر 2022ء کو اختتام پذیر ہونے والے سال کے لیے کمپنی کے سالانہ گوشواروں کے ساتھ ملا کر پڑھنا ضروری ہے۔ سال کے اختتام سے اب تک کسی بھی انتظامِ خطر کی پالیسی میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی ہے۔

## 20 آپریٹنگ زمرے

یہ کنڈینسڈ عبوری مالی گوشوارے واحد قابل اطلاع زمرے کی بنیاد پر تیار کیے گئے ہیں۔

جیسا کہ ان کنڈینسڈ عبوری مالی گوشواروں کے نوٹ 1.2 میں بتایا گیا ہے، کمپنی پٹرولیم مصنوعات اور کمپریسڈ قدرتی گیس کی مارکیٹنگ کرتی ہے۔ یہ لبریکینٹ آئلز کی مختلف اقسام کی تیاری و مارکیٹنگ بھی کرتی ہے۔ بیرونی صارفین کو کمپنی کی تمام فروخت پٹرولیم مصنوعات بشمول لبریکینٹ آئلز سے متعلق ہے۔

دورانِ مدت 30 جون 2023ء کے اختتام پر پاکستان میں صارفین کو کمپنی کی تمام سیلز 100 فیصد تھی (30 جون 2022ء: 100 فیصد)

30 جون 2023ء اور 2022ء تک کمپنی کے تمام نان کرنٹ اثاثے پاکستان میں واقع ہیں۔

دورانِ مدت 30 جون 2023ء کے اختتام پر بیس اہم صارفین کو سیلز تقریباً 17 فیصد تھی (30 جون 2022ء: 16 فیصد)۔

## 21 عمومی

21.1 اعداد و شمار کو قریبی ہزار کے ساتھ راؤنڈ آف کیا گیا ہے، جب کہ دوسری صورت میں بیان نہ کیا گیا ہو۔

21.2 جہاں بھی ضروری سمجھا گیا، موازنے کے مقاصد سے اور لین دین کے معاملے کی عکاسی کے لیے متعلقہ اعداد و شمار کو دوبارہ ترتیب دیا گیا ہے۔

## 20 تاریخ منظوری

کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے ان کنڈینسڈ عبوری مالی گوشواروں کے **16 اگست 2023ء** کو اجرا کی منظوری دی گئی۔

| | | |
|---|---|---|
| **عمران آر ابراہیم** | **وقار آئی صدیقی** | **ضرار محمود** |
| ڈائریکٹر | چیف ایگزیکٹو | چیف فنانشل آفیسر |

# سی ڈی سی کے ذریعے ایگزیکٹوز کی جانب سے حصص میں تجارت

**30 جون 2023ء کو اختتام پذیر ہونے والی ششماہی کے لیے**

| نام | عہدہ | لین دین کی تاریخ | حصص کی تعداد | لین دین کی نوعیت | شرح |
|---|---|---|---|---|---|
| جناب حمزہ خولیہ | ایگزیکٹو | 19 جنوری 2023ء | 1000 | فروخت کیے گئے | 103.04 |
| جناب ضرار جمالی | ایگزیکٹو | 17 اگست 2022ء | 32 | خریدے گئے | 127.00 |
| جناب حمزہ خولیہ | ایگزیکٹو | 14 جون 2023ء | 9500 | خریدے گئے | 84.35 |
| جناب حمزہ خولیہ | ایگزیکٹو | 14 جون 2023ء | 9500 | فروخت کیے گئے | 87.00 |

# فرہنگ

| | | | |
|---|---|---|---|
| actuarial | حقیقی | leaseholder | اجارہ دار |
| adjustment | ردوبدل | lending | قرض گاری |
| amendment | ترمیم | liabilities | واجبات |
| Amortization | قسط وار واپسی | liability | واجبہ |
| annual | سالانہ | liquid | سیال |
| application | اطلاق | liquidity | سیالیت |
| assets | اثاثے | long term | طویل مدتی |
| associate | معاون | loss | خسارہ، نقصان |
| average | اوسط | low value | پست قدر |
| benefit | فائدہ | net | خالص |
| borrowing | قرض گیری | prepayments | پیش ادائیگیاں |
| capital | سرمایہ | principle | بنیادی |
| carrying value | مندرجہ مالیت | profit | منافع |
| cash | رقم | provision | شرائط |
| categorized | درجہ بند | quarter | سہ ماہی |
| claims | دعوے | rate | شرح |
| consolidation | یکجائی | receivable | واجب الادا |
| cost | لاگت | recompense | تلافی |
| deposit | امانت | recovery | بازیابی |
| depreciation | فرسودگی | refundable | قابلِ واپسی |
| discount | چھوٹ، رعایت | measurement | بازپیمائش |
| dividend | مقسومہ | revaluation | باز قدر پیمائی |
| equivalent | مساوی | reversal | استرداد |
| estimates | تخمینے | revenues | محاصل |
| exemption | استثنا | right of use | حقِ استعمال |
| financial | مالی | settlement | تصفیہ |
| financing | مالکاری، قرضہ | share | حصص |
| fiscal | مالیاتی | short term | قلیل مدتی |
| impairment | ضرر | statements | گوشوارے |
| interest | سود | subsidiary | ذیلی |
| interim | عبوری | subsidy | زرِاعانت، رعایت |
| interpretation | توضیح | valuation | قدر پیمائی، قیمت بندی |
| lease | اجارہ | value | قدر |
| lease | اجارہ | weighted | بہ وزن |

**شیل پاکستان لمیٹڈ**

شیل ہاؤس، 6 چوہدری خلیق الزماں روڈ

کراچی–75530، پاکستان

www.shell.com.pk



**شیل پاکستان لمیٹڈ**

شیل ہاؤس، 6 چوہدری خلیق الزماں روڈ

کراچی–75530، پاکستان

www.shell.com.pk